Rampur State Gazette.

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

جلد ۳۱	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۱۱ شعبان المعظم ۱۳۳۷ھ مطابق ۱۲ مئی سنہ ۱۹۱۹ء	نمبر ۱۹

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
۱	اضافہ نجیب الدین سب اوورسیر انہار۔	۱
۲	نسبت ترمیم اندراج رقوم چوکیدارہ۔	۲
۳	انتظام تقسیم ترکی بلازمان ریاست باعتبار تنخواہ۔	״
۴	اضافہ شیام نراین سب اوورسیر و حامد حسین سب اوورسیر۔	״
۵	رخصت ہیڈ کلرک بجلی گھر۔	״
۶	انتظام ٹک۔	״
۷	تقرر و اضافہ و رخصت صیغہ صاحب ریونیو سکریٹری بہادر	۳
۸	توضیح انتظام آسامی محافظ دفتر دیوانی و رخصت اسپیشل مجسٹریٹ درجہ دوم	۴
۹	نقشہ جات وفات و نقشہ نرخنامہ اجناس۔	ضمیمہ

ملخص حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

اضافہ

۳۰ اپریل سنہ ۱۹۱۹ء

حسب عرضداشت صاحب سپرنٹنڈنٹ انہار منشی نجیب الدین سب اوورسیر شاہرہ دار چالیس روپیہ تنخواہ دس روپیہ الاونس کی تنخواہ میں بوجہ سپردگی کام متعلقہ نہر کاگمن و بالائی حصہ نہر کوسی۔ دس روپیہ ماہوار اضافہ منظور فرمایا گیا

حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم
واقع ۲۷ اپریل سنہ ۱۹۱۹ء

مثبتہ عرضداشت صاحب ریونیو سکریٹری بہادر مشمولہ رپورٹ

درمطلب تقیوسیس صدر باتفاق رائے دیوان صدر صاحب نسبت

ترمیم اندراج رقوم چوکیداره جو بجوج سپاہ تحصیلات مین اکٹھی ہوتی

آمدنی صدر مین علیحدہ درج ہوتی ہے بشمول مالگذاری درج کیجاوے

منظوری دیجاتی ہے - کاغذات صاحب ریونیو سکریٹری بہادر کے پاس واپس ہون -

روبکار اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم
واقع ۵ مئی سنہ ۱۹۱۹ء

قبل ازین نوٹون کے متعلق دیوان صدر کو اطلاع دی گئی ہے - چونکہ اس انتظام مین مزید وضاحت وصراحت کی ضرورت ہے - لہذا اس باب مین نے احکام تاصدور حکم ثانی حسب صراحت تحت حکم دیا جاتا ہے -

۱- ملازمان تنخواہ دار پندرہ روپیہ ماہوار تک کو پوری تنخواہ نقد دیجایگی - نوٹ نہ دیے جاینگے -

۲- سولہ روپیہ ماہوار سے تیس روپیہ ماہوار تک کی تنخواہ داران کو پانچ روپیہ نوٹ مین باقی روپیہ نقد دیے جاینگے -

۳- اکتیس روپیہ ماہوار سے پچاس روپیہ ماہوار تک تنخواہ پانیوالون کو دس روپیہ نوٹ مین اور بقیہ نقد دیے جاینگے -

۴- پچاس روپیہ ماہوار سے زیادہ تنخواہ دارون کو نصف رقم تنخواہ کی نوٹون مین اور نصف رقم نقد دیجایگی -

نیز سہولت کام اسکی بھی ضرورت ہے کہ ہر ایک سرشتہ و محکمہ سے جو براورد کے ہمراہ ایک فہرست بھی ایسی ضرور ہوا کرے کہ جس سے بلاوقت معلوم ہوجاوے کہ بروے صراحت بالا کسقدر نوٹ کس کس مقدار کے مطلوب ہین اور کسقدر نقد روپیہ لیا جاویگا - اس حکم کا عملدرآمد ماہ مئی سنہ ۱۹۱۹ء کی تنخواہ سے شروع کیا جاوے -

حکم ہوا کہ سرشتہ صدر سے احکام عام جاری ہون - فقط

ملخص احکام اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم
اضافہ

۳ مئی سنہ ۱۹۱۹ء

حسب رپورٹ صاحب سپرنٹنڈنٹ اخبار - بابو شیام نراین صاحب اوورسیر شاہ آباد تیس روپیہ ماہوار و دس روپیہ ماہوار الاؤنس کی تنخواہ اور الاؤنس مین بوجہ کثرت کار پانچ پانچ روپیہ ماہوار اضافہ منظور فرمائے گئے -

۱ مئی سنہ ۱۹۱۹ء

حسب رپورٹ صاحب سپرنٹنڈنٹ اخبار - حامد حسین صاحب اوورسیر شاہ آباد پچیس روپیہ و دس روپیہ ماہوار بھتہ کی تنخواہ اور بھتہ مین پانچ پانچ روپیہ ماہوار اضافہ منظور فرمایا گیا -

ملخص حکم اجلاس صاحب ہوم سکریٹری بہادر
رخصت

۸ مئی سنہ ۱۹۱۹ء

حسب رپورٹ انجنیر صاحب برقی روشنی بابو شیام بہاری لال ہیڈ کلرک بجلی گھر کی گیارہ روز کی رخصت ۱ مئی سے ۱۰ مئی سنہ ۱۹۱۹ء تک منظور ہوئی -

روبکار اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر
واقع ۲۶ اپریل سنہ ۱۹۱۹ء

فروخت نمک کا ٹھیکہ یکجائی شہر اور پرگنات کا یکم فروری سنہ ۱۹۱۹ء سے ہوگیا ہے ساہو نمک سے ذریعہ اینڈنٹ ریاست تخمینہ معینہ کے اندر محدود مقدار سے ملتا ہے - اسکے قطع نظر اکثر اینڈنٹ شدہ کے آنے مین بھی دیر ہوجاتی ہے - بڑی ضرورت ہے کہ شہر اور تحصیلات کے ڈپو مین ہر وقت نمک کا اسٹاک بقدر ضرورت مہیا رہے - جبکہ شکایات درخواست نوبی رام وغیرہ سکنائے دہپورہ معلوم ہوا ہے کہ ٹھیکہ دار نے ابتدا شروع ٹھیکہ کے وقت پنشنہ والے دوکانداران کے ہاتھ سو سو پچاس

پچاس بوریان نمک کی ایک وقت مین بیچین۔ گو اُس وقت کا یہ عمل اُنکا ڈپو قایم کرنے سے پہلے کا تھا۔ لیکن تاہم ایسی دو فروخت مخدوش اور اصول کے خلاف اور ممکنات سے ہے کہ اب بھی ٹھیکہ دار مذکور دوکانداروں کے ہاتھ بوری بندی کے حساب سے زیادہ زیادہ نمک بیچتا ہو۔ اس طرز عمل مین صریحاً نقصانات ہین ع۱ اشتباہ کہ کم ہو جانے کا خیال ع۲ یہ کہ بیرون ریاست نمک جانے کا احتمال ع۳ یہ کہ بڑے دوکانداروں کا نرخ مقررہ شہر سے نمک خریدنا اور چھوٹے چھوٹے دوکانداروں کو اپنی طرف سے طبعزاد نرخ سے دینا اور بکوانا جو سرکاری مقررہ نرخ کے خلاف ہے ان نقصانات کے رفع کرنے کے لئے آیندہ انسداد و تحفظ کی ضرورت ہے۔ لہذا حکم دیا جاتا ہے کہ شہر کے دوکانداروں کو ایک وقت مین ایک بوری تک نمک دیا جائے۔ اگر کوئی شخص خاص سبب ظاہر کرکے زیادہ کی ضرورت ثابت کرے تو دو بوری نمک دیا جائے۔ لیکن ایسی ضرورت کا اظہار ٹھیکہ دار اپنے کاغذات حساب مین کر لیا کرے اور تحصیلدار حضور تحصیل بر وقت جانچ ماہواری ایسی فروخت کی بابت جو دوسری بوری کی ہو معلومات حاصل کر لین کہ آیا صحیح ضرورت سے دیگئی ہین یا کیا۔ مضافات کے دوکانداروں اور پیشہ کرنے والوں کو متصل ڈپو سے ایک بوری تک نمک دیا جاوے اور اگر کوئی خریدار ڈپو سے دور فاصلہ کا رہنے والا ہو تو اُسکے فاصلہ اور ضرورت کو تحقیق کرکے دو بوری نمک دیدیا جائے اور اسکی وجہ اور فاصلہ وغیرہ کا حوالہ حساب فروخت ڈپو مین لکھ لیا جائے اور تحصیلدار اسکی جانچ منیر پر حساب جانچتے وقت کر لیا کرین۔ تحصیلات مین ڈپو قایم کردینے سے آسانی منظور کی گئی ہے کہ ہر تحصیل کے دوکاندار و پیشہ والے آسانی سے اپنے اپنے تحصیلی ڈپو سے نمک وقتاً فوقتاً خرید سکین۔ نگرانی اسکی کہ حسب منشا حکم تعمیل ہوتی ہے یا نہین تحصیلداران پرگنات و اہلکاران پولیس کیا کرین۔ ایک ایک نقل اسکی ہر ایک تحصیل کو اور ایک نقل بخدمت صاحب سپرنٹنڈنٹ بہادر پولیس اور ایک نقل بخدمت حاکم صاحب صدر اور واصلباقی نویس صدر کے پاس مرسل ہو اور ایک نقل بغرض اشاعت گزٹ مطبع کو بھیجی جائے اصل بعد اجراے احکام داخل دفتر ہو اطلاع یابی ٹھیکہ دار کی کرائی جائے

ملخص احکام اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

تقرر

۲۶ اپریل ۱۹۱۹ء

حسب راے حاکم صاحب صدر و سررشتہ دار صاحب صدر۔ صاحبزادہ سید وصی علیخان باضافہ دو روپیہ ماہوار بجاے پیارے لال نایب محافظ دفتر صدر امتحاناً براے چھ ماہ مقرر ہوے۔ اور بجاے صاحب موصوف روپ بہاریلال کا تقرر بشاہرہ پندرہ روپیہ ماہوار امتحاناً براے چھ ماہ منظور ہوا۔

رخصت

۲۷ اپریل ۱۹۱۹ء

حسب راے صاحب چیف سکریٹری بہادر مزید رخصت یکماہ مرزا شوکت علیخان نایب تحصیلدار حضور تحصیل کی یکم مارچ ۱۹۱۹ء سے منظور ہوئی۔

اضافہ

۵ مئی ۱۹۱۹ء

حسب راے صاحب سپرنٹنڈنٹ بہادر پولیس۔ حبیب الرحمن خان کلارک کو دو روپیہ ماہوار عارضی اضافہ دیکر بجاے سید احمد حسین ہیڈ کانسٹبل ملٹری عہدہ مین غیر مستقل ہیڈ کانسٹبل کیا گیا۔

برخاستگی

۵ مئی ۱۹۱۹ء

حسب تحریر صاحب سپرنٹنڈنٹ بہادر پولیس۔ سید احمد حسین ہیڈ کانسٹبل بوجہ غیر حاضری برخاست ہوے۔

رخصت

۵ مئی ۱۹۱۹ء

حسب راے صاحب سپرنٹنڈنٹ آبکاری ۶ مئی سنہ حال سے رخصت دس یوم انسپکٹر صاحب آبکاری منظور ہوئی۔

توسیع مدت

۵ مئی سنہ ۱۹۱۹ء

حسب تحریر صاحب سپرنٹنڈنٹ بہادر پولیس - سردار ولی خان سب انسپکٹر پولیس متعینہ شاہ آباد کی مدت ملازمت مین چھہ ماہ کی توسیع منظور ہوئی -

تقرر

۸ مئی سنہ ۱۹۱۹ء

حسب ارشاد حکم بندگان عالی دام اقبالہم و ملکہم - سید محمد حسن عرف سید میان کا تقرر بعہدہ ہیڈ کانسٹبل بشاہرہ پندرہ روپیہ ماہوار بجای ... منظور ہوا -

معطلی

۷ مئی سنہ ۱۹۱۹ء

حسب تحریر صاحب سپرنٹنڈنٹ بہادر پولیس - محبوب شاہ خان سب انسپکٹر متعینہ حوالی شہر بوجہ مارپیٹ کرنے ہدایت علیخان ملازم پلٹن معطل کرکے لائن تبدیل کئے گئے -

تبادلہ

۹ مئی سنہ ۱۹۱۹ء

حسب رائے صاحب سپرنٹنڈنٹ بہادر پولیس بجائے محبوب شاہ خان سب انسپکٹر شمس الدین سب انسپکٹر گنج انچارج حوالی شہر پر - اور بجائے شمس الدین الطاف حسین خان سب انسپکٹر انچارج گنج پر تبدیل کئے گئے -

---

روبکار اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر واقع ۶ مئی سنہ ۱۹۱۹ء

کاغذات پیش ہوئے - واضح ہو کہ بذریعہ حکم ۲ نومبر سنہ ۱۹۱۸ء کو محافظ دفتر دیوانی آنامی کے سلسلہ مین جو انتظام براے چھہ ماہ کیا گیا تھا اُسکی میعاد ختم ہوگئی - مناسب ہو کہ بشارحکم مذکور ہمی انتظام کی اور توسیع کیجائے - صاحبزادہ سید شبیر علیخان صاحب بہادر عرف دولہ صاحب آنریری مجسٹریٹ نے بھی جنکے پاس انتظام ہی کہا ہو کہ انکی عدالت کے پیشکاروں کی نسبت بھی توسیع چھہ ماہ کی ہوجاے جو اس انتظام مین شامل ہو - لہذا حکم ۲ نومبر سنہ ۱۹۱۸ء کی مدت مین چھہ ماہ کی اور توسیع کیجاتی ہو - بعد ختم میعاد صیغہ جات متعلق سے رپورٹین آنا چاہئین - بنابران

حکم ہوا کہ

احکام ضابطہ جاری ہون -

ملخص حکم اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

رخصت

۸ مئی سنہ ۱۹۱۹ء

رخصت ہشت یوم صاحب اسپشل مجسٹریٹ درجہ دوم کی بوجہ علالت منظور ہوئی آنکے کام کا بندوبست صاحب مجسٹریٹ ضلع کرینگے -

مطبوعہ ۱۲ مئی سنہ ۱۹۱۹ء جلد ۳۱

ضمیمہ گزٹ ریاست رامپور نمبر ۱۹

نقشہ نرخنامہ اجناس ریاست رامپور من ابتدائے ۵ لغایت ۱۱ مئی سنہ ۱۹۱۹ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم		۵۰ار	۰۵ار		۵۰ار	۵۰ار	دیگر تحصیلات سے نقشہ نہیں آیا۔
نخود خالص	.	۵ار	۵ار		۵ار	۰۵ار	
نخود کہنہ آمیز		۵ار	۰۵ار		۵ار	۶ار	
جو		×	۰۶ار		۶ار	۶ار	
ماش		۰۳ار	۳ار		۳ار	۳ار	
مونگ		.	۰۶ار		۳ار	۰۳ار	
مکا		.	۷ار		۰۰ار	.	
چنی		۵۰ار	۶ار		[illegible]ار	۹ار	
گوجئی		.	۰۶ار		۰۶ار	۰۶ار	
عدس		.	۶ار		۰۵ار	۰۵ار	
ارہر		۰۵ار	۶ار		۶ار	۰۵ار	
برنج		۴ار	۴ار	.	۰۳ار	۴ار	
روغن زرد		۰ار	۰ار		۰ار	۰ چھٹانک	
روغن سیاہ		۱ار	۱ار	.	۱ار	۱ار	
روغن کنجد	.	۲ار	۱ار		۱ار	۲ار	
نمک سانبھر	.	۰۱۱ار	۰۱۱ار	.	۰۱۱ار	۰۱۱ار	
نمک لاہوری		۷ار	۷ار		۸ار	۷ار	
قند سیاہ		۳ار	۰۳ار		۳ار	۳ار	
باجرہ		.	.		.	.	

ضمیمہ گزٹ ریاست رامپور

نقشہ حیات و ممات متعلقہ ریاست رامپور ماہواری دسمبر سنہ ۱۹۱۰ء

نام مقام	تفصیل پیدائش: مرد: مسلمان	تفصیل پیدائش: مرد: ہندو	تفصیل پیدائش: عورت: مسلمان	تفصیل پیدائش: عورت: ہندو	تفصیل پیدائش: میزان	تفصیل پیدائش: تفصیل مذہب: مسلمان	تفصیل پیدائش: تفصیل مذہب: ہندو	تفصیل فوتی: ایک سال سے ۵ سال تک: مرد	تفصیل فوتی: ایک سال سے ۵ سال تک: عورت	تفصیل فوتی: ۵ سال سے ۱۲ سال تک: مرد	تفصیل فوتی: ۵ سال سے ۱۲ سال تک: عورت	تفصیل فوتی: ۱۲ سال سے زیادہ: مرد	تفصیل فوتی: ۱۲ سال سے زیادہ: عورت	تفصیل فوتی: میزان: مرد	تفصیل فوتی: میزان: عورت	تفصیل فوتی: تفصیل مذہب: مسلمان	تفصیل فوتی: تفصیل مذہب: ہندو	تفصیل امراض: ہیضہ	تفصیل امراض: چیچک	تفصیل امراض: تپ	تفصیل امراض: متفرق	تفصیل امراض: مار گزیدہ	تفصیل امراض: [illegible]	تفصیل امراض: طاعون	از خانہ نمبر ۱۹ لغایت خانہ نمبر ۲۵	کیفیت
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۷	۱۶	۱۸	۱۹	۲۰	۲۱	۲۲	۲۳	۲۴	۲۵	۲۶	۲۷
کوتوالی	۲۳	۱۰	۱۴	۱۰	۵۶	۳۶	۲۰	۱۲	۱۴	۲	۴	۳۸	۳۴	۵۲	۵۴	۶۹	۳۰	۰	۰	۰	۱۰۶	۰	۰	۰	۱۰۶	
گنج	۱۴	۳	۲۰	۲	۴۱	۳۶	۵	۱۸	۹	۴	۱	۳۵	۲۳	۵۷	۳۳	۸۲	۸	۰	۰	۰	۷۷	۰	۱۳	۰	۹۰	
حوالی شہر	۰	۱	۰	۱	۲	۰	۲	۶۵	۴۹	۳۷	۱۸	۴۶۷	۲۱۷	۵۶۹	۲۸۴	۲۹۹	۳۴۴	۰	۰	۶۴۳	۰	۰	۰	۰	۶۴۳	
عظیم نگر	۲	۱	۵	۴	۱۲	۷	۵	۱۰	۹	۷	۳	۱۰۰	۹۱	۱۱۷	۱۰۳	۹۵	۱۲۵	۰	۰	۰	۲۲۰	۰	۰	۰	۲۲۰	
شاہ آباد	۲۰	۴۵	۱۲	۳۳	۱۱۰	۳۲	۷۸	۱۰۰	۱۰۹	۵۳	۴۷	۳۰۰	۲۹۷	۴۵۳	۴۴۸	۲۲۳	۶۷۹	۰	۰	۰	۹۰۲	۰	۰	۰	۹۰۲	
پٹوائی	۳	۸	۳	۸	۲۲	۶	۱۶	۴۷	۴۸	۲۴	۸	۱۲۲	۱۳۲	۱۹۳	۱۸۸	۸۰	۳۰۱	۰	۰	۰	۳۸۱	۰	۰	۰	۳۸۱	
ملک	۵	۳۰	۴	۳۲	۷۱	۹	۶۲	۲۰۴	۱۴۸	۱۶۵	۷۷	۵۰۰	۴۰۳	۸۶۹	۶۹۸	۱۶۸	۱۳۹۹	۰	۰	۰	۱۵۶۷	۰	۰	۰	۱۵۶۷	
بلاسپور	۱۳	۱۸	۱۲	۲۲	۶۵	۲۵	۴۰	۱۱۲	۱۱۶	۵۵	۶۵	۳۰۷	۴۱۶	۴۷۴	۴۰۱	۵۳۸	۶۱۶	۰	۰	۱۱۵۵	۰	۰	۰	۰	۱۱۵۵	
کیمری	۱۰	۱۶	۱۰	۱۰	۴۶	۲۰	۲۶	۸۶	۸۸	۴۰	۳۸	۲۵۸	۲۵۷	۳۸۴	۳۶۹	۱۶۵	۵۰۰	۰	۰	۰	۶۷۳	۰	۰	۰	۶۷۳	
سوار	۱۳	۵	۱۴	۳	۳۵	۲۷	۸	۴۶	۶۱	۴۴	۵۳	۲۸۱	۲۲۲	۳۷۱	۳۳۶	۴۱۳	۲۹۴	۰	۵	۰	۷۰۲	۰	۰	۰	۷۰۷	
نانغ	۱۱	۵	۳	۱	۲۰	۱۴	۶	۱۰۸	۸۲	۶۰	۶۴	۳۶۳	۳۲۵	۵۴۲	۴۸۱	۵۳۴	۴۸۹	۰	۰	۰	۱۰۲۳	۰	۰	۰	۱۰۲۳	
میزان	۱۱۶	۱۴۲	۹۷	۱۲۶	۴۸۱	۲۱۳	۲۶۸	۸۰۸	۶۲۹	۳۸۱	۳۸۸	۲۴۶۴	۲۵۸۸	۳۶۵۳	۳۶۰۵	۳۶۸۳	۳۵۷۵	۰	۵	۱۶۹۸	۵۵۴۲	۰	۱۳	۰	۷۲۵۸	